2025-07-19

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بنیادی ڈھانچے میں کایہ پلٹ کرتے ہوئے سال 2047 تک ترقی یافتہ ملک بننے کا بھارت کا عزم، عالمی مباحثوں کا مرکزی موضوع ہے۔

2- مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ اس سال ملک کی پہلی میڈ اِن انڈیا سیمی کنڈکٹر چِپ کا آغاز ہو جائے گا۔

3- بھارت کے انتخابی کمیشن کے مطابق بہار میں انتخابی فہرستوں پر نظرِ ثانی کے عمل میں اب تک تقریباً 95 فیصد رائے دہندگان کا احاطہ کر لیا گیا ہے۔

4- چھتیس گڑھ کے نارائن پور میں حفاظتی دستوں کے ساتھ مڈبھیڑ میں 6 ماؤ نواز مارے گئے۔

5- بھارتی محکمۂ موسمیات نے کیرالہ میں کل تک شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

6- کُشتی میں، Budapest میں Polyak Imre & Varga Janos میموریل ٹورنامنٹ میں بھارت کے انتِم پانگھل اور ہرشیتا نے سونے کے تمغے جیتے ہیں۔

7- اور شطرنج میں جورجیا کے Batumi میں جاری خواتین کے FIDE عالمی کپ میں سبھی 4 بھارتی کھلاڑی کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Developed Nation

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سال 2047 تک ترقی یافتہ ملک بننے کا بھارت کا عزم، جو کہ بنیادی ڈھانچے میں کایہ پلٹ کرنے سے تحریک پا رہا ہے، عالمی مباحثوں کا مرکزی موضوع ہے۔ جناب مودی، کل مغربی بنگال کے دُرگاپور میں 5 ہزار 400 کروڑ

روپے سے زیادہ لاگت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھنے، افتتاح کرنے اور اُنہیں قوم کے نام وقف کرنے کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔ اِن پروجیکٹوں سے خطّے کے بنیادی ڈھانچے اور معاشی ترقی کو استحکام ملے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آج دنیا بھر میں ترقی یافتہ ملک بننے کے بھارت کے عزم پر ہی بات ہو رہی ہے۔

جناب مودی نے انہیں بھارت میں جاری انقلابی تبدیلیوں سے منسوب کیا، جو کہ ترقی یافتہ بھارت کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔

وزیر اعظم مودی نے بنیادی ڈھانچے کے سماجی، مادّی اور ڈیجیٹل پہلوؤں کا حوالہ دیتے ہوئے پچھلی دہائی کے دوران حکومت کی حصولیابیوں کو اُجاگر کیا۔

## Govt. All Party Meeting

حکومت نے، پیر کے روز سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس سے پہلے کل سبھی سیاسی جماعتوں کی میٹنگ طلب کی ہے۔ میٹنگ کے دوران حکومت، پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کو حسب معمول چلانے کے لیے سبھی سیاسی جماعتوں سے تعاون کی گزارش کرے گی۔ مانسون اجلاس 21 جولائی سے 21 اگست تک چلے گا۔ اجلاس کے دوران کئی اہم بلوں کو بحث اور منظور کیے جانے کے لیے پیش کیا جائے گا۔×

## Rev. Vaishnaw Hyderabad

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ سودیسی طرز پر تیار ملک کی پہلی سیمی کنڈکٹر چِپ کا اس سال آغاز ہو جائے گا۔ حیدرآباد میں کیشَو میموریل ایجوکیشن سوسائٹی کی 85 ویں یومِ تاسیس تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کل وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت، دنیا کے اہم ترین سیمی کنڈکٹر ممالک میں سے ایک بننے جا رہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ حکومت نے پہلے ہی 6 سیمی کنڈکٹر پلانٹس کو منظوری دے دی ہے اور اُن کی تعمیر کا کام بھی جاری ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ اس سال ملک کو اپنی پہلی میڈ اِن انڈیا چِپ ملے گی۔

جناب ویشنو نے یہ بھی کہا کہ انڈیا AI مشن کے حصے کے طور پر مُفت ڈیٹا سیٹس اور دوسری چیزیں اَپلوڈ کی جا رہی ہیں۔

وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ 10 لاکھ لوگوں کو مصنوعی ذہانت، AI کے استعمال کی تربیت دی جا رہی ہے۔ جناب ویشنو کے مطابق سال 2047 تک بھارت، دنیا کی سرِ فہرست دو معیشتوں میں سے ایک ہوگا۔

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو، جو کہ تلنگانہ کے دو روزہ دورے پر ہیں، آج صبح IIT حیدرآباد کی تقسیمِ اسناد تقریب سے خطاب کریں گے۔ وزیر موصوف دوپہر کو قاضی پیٹ میں 500 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت سے تیار کیے جا رہے ریلوے مینوفیکچرنگ یونٹ کے کام کی پیشرفت کا جائزہ لیں گے۔

ریلوے کے وزیر جناب ویشنو، حیدرآباد سے جودھپور کے لیے شروع کی جا رہی نئی ٹرین کو آج شام کاچی گُوڑا ریلوے اسٹیشن سے جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔×

## EC SIR Bihar

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار میں جاری خصوصی جامع نظرِ ثانی مہم، SIR کے تحت اب تک 7 کروڑ 48 لاکھ سے زیادہ ذاتی معلومات سے متعلق، Enumeration Form جمع کر لیے گئے ہیں، جو کہ ذاتی معلومات کے مجموعی فارم کے تقریباً 95 فیصد ہے۔ انتخابی ادارے نے کہا کہ اب صرف 5 فیصد رائے دہندگان کے ذاتی معلومات کے فارم جمع ہونا باقی ہیں، جن میں سے اکثریت نے آنے والے دنوں میں دستاویزات کے ساتھ اِن فارمس کو جمع کرنے کے لیے مزید وقت مانگا ہے۔ انتخابی کمیشن نے مزید کہا کہ اُس نے پایا کہ ایک اعشاریہ 6 فیصد رائے دہندگان کی موت ہو چکی ہے، 2 اعشاریہ 3 فیصد مستقل طور پر منتقل ہو گئے ہیں اور 4 اعشاریہ 6 فیصد رائے دہندگان کی جانب سے دیے گئے پتے پر اُنہیں نہیں پایا گیا۔

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنا رہا ہے کہ کوئی بھی اہل ووٹر چھوٹ نہ جائے اور باقی سبھی ووٹرس بھی اپنے ذاتی معلومات سے متعلق فارم پُر کریں۔ کمیشن کے مطابق 7 کروڑ 89 لاکھ سے زیادہ ذاتی معلومات کے فارم پرنٹ کیے جا چکے ہیں۔×

## Chhattisgarh Encounter

چھتیس گڑھ کے نارائن پور ضلعے میں کل سکیورٹی فورسز کے ساتھ ہوئی مڈبھیڑ میں 6 ماؤ نواز مارے گئے۔ بَستر رینج کے IG پی سُندر راج نے بتایا کہ ابو جُماڑ علاقے کے جنگلوں میں کل دوپہر اُس وقت لڑائی چھڑ گئی، جب علاقے میں شورش پسندوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع ملنے پر حفاظتی دستوں نے ماؤ نواز مخالف کارروائی شروع کی۔×

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## Uttrakhand Nivesh Utsav

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، اتراکھنڈ کے اُدھم سنگھ نگر ضلعے کے رُدر پور میں آج اتراکھنڈ نِویش اُتسَو میں شرکت کریں گے۔ اس تقریب کا مقصد صنعتی سرمایہ کاری کے شعبے میں ریاست کی پیشرفت کی نمائش کرنا ہے۔ دہرادون میں سال 2023 میں منعقد گلوبل انویسٹرس سمٹ کے بعد ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے سرمایہ کاری معاہدوں پر پہلے ہی عمل درآمد جاری ہے۔ اس دوران اِن حصولیابیوں کو اُجاگر کرنے اور مستقبل کے سرمایہ کاری امکانات تلاش کرنے کے لیے نِویش اُتسَو منعقد کیا جا رہا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

وزیر داخلہ امت شاہ اس تاریخی تقریب میں، مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے، جبکہ وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی تقریب کی صدارت کریں گے۔ یہ پروگرام رُدر پور کے اسپورٹس اسٹیڈیم میں منعقد ہو رہا ہے، جس میں ریاست میں قائم مختلف نئی صنعتوں کے نمائندے اور معزز افراد شرکت کریں گے۔

اس دوران پُشکر سنگھ دھامی نے کل تقریب کے مقام کا دورہ کیا اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ سال 2023 کے انویسٹرس سمت کے دوران ریاستی حکومت کو صنعتی گروپوں اور کاروباری اداروں کی جانب سے بیش قیمتی مشورے ملے، جن کی بنا پر حکومت نے 25 نئی پالیسیاں اور متعارف کرائیں اور کئی قوانین کو آسان بنایا۔

جناب دھامی کے مطابق اِن سے سرمایہ کاری کے کئی بڑے معاہدے ممکن ہو سکے۔

جناب دھامی کے مطابق ریاست میں ایک لاکھ کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹ پہلے ہی شروع کیے جا چکے ہیں۔

دہرادون سے ساکشی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

## Varanasi Youth Spiritual Summit

منشیات کی لعنت کے خلاف اجتماعی قومی عزم کو تقویت دینے کے مقصد کے ساتھ آج وارانسی میں نوجوانوں کی روحانی چوٹی کانفرنس کا آغاز ہوگا۔

دو روزہ تقریب، جو وکست بھارت کے لیے نشا مکت یووا کے موضوع پر مرکوز ہے، اس کا انعقاد نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت کے زیر اہتمام کیا جا رہا ہے۔ کانفرنس میں مرکزی وزراء ڈاکٹر منسکھ مانڈویا، گجیندر سنگھ شیخاوت، ڈاکٹر ویریندر کمار نیز دیگر متعدد ممتاز شخصیتوں کے شرکت کرنے کا پروگرام ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

نوجوانوں کی روحانی چوٹی کانفرنس میں پورے ملک کی 100 روحانی و سماجی ثقافتی تنظیموں کے 500 سے زیادہ نوجوان مندوبین یکجا ہوں گے۔

اس دو روزہ چوٹی کانفرنس میں، ہماچل پردیش کے گورنر شیو پرتاپ شکلا، امورِ داخلہ کے مرکزی وزیر مملکت نتیا نند رائے اور نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر مملکت نکھل کھڈسے نیز کئی دیگر ریاستی وزراء بھی شرکت کریں گے۔

اس کانفرنس کا مقصد منشیات کی لعنت کے خلاف نوجوانوں میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ کانفرنس 20 جولائی کو کاشی اعلامیے کے جاری کئے جانے کے ساتھ اختتام پذیر ہوگی۔

یہ دستاویز، منشیات سے پاک بھارت کی تشکیل کے لیے ایک جامع حکمت عملی پیش کرے گا۔

آکاشوانی سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.......

## MEA EU Sanctions

وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت پابندیاں عائد کرنے کے کسی بھی طرح کے یکطرفہ اقدامات سے اتفاق نہیں رکھتا۔ حالیہ یوروپی یونین پابندیوں سے متعلق کل پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت ایک ذمہ دار ملک ہے اور وہ اپنی قانونی ذمہ داریوں کے تئیں پوری طرح عہد بستہ ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بھارت اپنے شہریوں کی بنیادی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے توانائی کی یقینی فراہمی کی گنجائش کو سب سے اہم ذمہ داری سمجھتا ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان جیسوال نے زور دیا کہ جب بات توانائی کی تجارت ہوتی ہے، تو اس میں کسی طرح کے دوہرے معیار نہیں ہونے چاہئیں۔×

## MEA Indian Fishermen

بنگلہ دیش حکام نے، 34 بھارتی ماہی گیروں کو اُن کی دو بھارتی ماہی گیری کشتیوں سمیت حراست میں لے لیا ہے۔ یہ کارروائی مونگلا کے قریب بین الاقوامی بحری حدود مبینہ طور پر پار کرنے اور بنگلہ دیشی آبی حدود میں ماہی گیری کرنے کی وجہ سے کی گئی ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ذرائع نے بتایا کہ جیسے ہی واقعے کی اطلاع موصول ہوئی، بنگلہ دیش میں واقع بھارتی ہائی کمیشن نے، سفارتی چینل سے اس معاملے کو بنگلہ دیشی حکام کے سامنے اُٹھایا تاکہ فوری طور پر قونصلر رسائی فراہم کی جا سکے۔ ذرائع نے مزید کہا کہ اس معاملے کو لگاتار اُٹھایا جا رہا ہے تاکہ سبھی ماہی گیروں کی اُن کی کشتیوں کے ساتھ بحفاظت اور جلد واپسی ممکن ہو سکے۔×

## Trump Genius Act

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی ڈالرز کے حساب سے کرپٹو کرنسی کے Stable Coins کے لیے انضباتی نظام کی تشکیل کے مقصد سے ایک قانون پر دستخط کیے ہیں۔ بِل جسے Genius ایکٹ کا نام دیا گیا ہے، اسے ایوان میں دونوں پارٹیوں کی طرف سے مضبوط حمایت حاصل ہوئی۔ ڈیموکریٹک پارٹی کے تقریباً نصف اراکین اور ریپبلکن کے بیشتر ممبران نے اِس بِل کو حمایت دی ہے۔ یہ کرپٹو فائننس میں امریکی قیادت کی جانب سے ایک بڑا قدم ہے۔ اِس قانون کے تحت بڑے مالیاتی ادارے، امریکی ڈالر کی مدد والے اپنے خود کے Stable Coins کو جاری کر سکیں گے۔×

## IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات نے، کل تک کیرالہ میں شدید ترین بارش کی پیشگوئی کرتے ہوئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے علاوہ راجستھان، مدھیہ پردیش، آسام، تمل ناڈو اور کرناٹک کے مختلف حصوں میں آج کے لیے شدید ترین بارش کا اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ محکمہئ موسمیات نے کہا ہے کہ ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، اترپردیش، جموں و کشمیر، پنجاب اور ہریانہ کے مختلف حصوں میں 24 جولائی تک موسلا دھار بارش کا امکان ہے، ساتھ ہی شمال مشرقی بھارت میں اگلے 7 دن تک بجلی کی گرج چمک اور دھول بھری آندھی کے ساتھ درمیانی درجے کی بارش جاری رہ سکتی ہے۔

اس دوران محکمہئ موسمیات نے، دلّی اور قومی راجدھانی خطّے میں اگلے 5 دن تک مطلع اَبر آلود رہنے اور بجلی کی گرج چمک اور دھول بھری آندھی کے ساتھ ہلکی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔×

## Sports Roundup

اور اب کچھ خبریں کھیل کود سے۔

ہنگری کے شہر Budapest میں جاری POLYA'K IMRE & VARGA JANOS MEMORIAL.2025ٹورنامنٹ میں کل بھارتی خواتین پہلوانوں نے سونے کے دو، چاندی اور کانسے کا ایک- ایک تمغہ سمیت کُل چار تمغے جیتے۔ 53 کلو گرام زمرے کے فائنل مقابلے میں بھارتی پہلوان Antim Panghal نے روس کی Natalia Malysheva کو سات-چار سے ہراکر سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ 72 کلوگرام کے زمرے میں Harshita نے قزاقستان کی چار مرتبہ کی ایشیائی چیمپئنZhamila Bakbergenova کو دس-صفر سے شکست دے کر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

ادھر شطرنج کے FIDE عالمی خواتین کپ میں، بھارت کی مایہ ناز کھلاڑی Koneru Humpy ڈی۔ہریکا، آر ویشالی اور انٹرنیشنل ماسٹر دیویا دیش مکھ کوارٹر فائنلز میں پہنچ گئی ہیں۔ اس ٹورنامنٹ میں، چار کھلاڑیوں کے ساتھ آخری آٹھ مرحلے میں پہنچنے والا پہلا ملک بن کر بھارت نے تاریخ رقم کی ہے۔ جورجیا میں جاری اس ٹورنامنٹ میں چار بھارتی کھلاڑیوں کے کوارٹر فائنلز میں پہنچنے کے بعد اب خطابی مقابلہ بھارت اور چین کے درمیان ہوگا۔

کرکٹ میں، آج سہ پہر لندن کے Lords میں، دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں سینئر بھارتی خواتین کا مقابلہ میزبان انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ سردست بھارتی ٹیم تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز میں ایک صفر سے آگے ہے۔X

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... مجیب

شکریہ - شبانہ بیگم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخباروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے بہار کے موتیہاری اور مغربی بنگال کے درگاپور دورے کی خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اس موقع پر جناب مودی نے بہار میں 7 ہزار دو سو کروڑ روپے کے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھا اور کہا کہ جب بہار ترقی کرے گا تو ملک ترقی کرے گا جبکہ مغربی بنگال کے صنعتی شہر درگاپور میں انھوں نے 5 ہزار چار سو کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا اور پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ BJP نے مغربی بنگال کے لیے بڑے خواب دیکھے ہیں۔

امریکہ نے پہلگام حملے کی ذمہ دار تنظیمTRF کو دہشت گرد تنظیم قرار دیا۔ بھارت نے امریکہ کے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا۔ ED نے چھتیس گڑھ کے سابق وزیراعلیٰ بھوپیش بگھیل کے بیٹے چیتنیہ کو شراب گھپلے سے منسلک منی لانڈرنگ معاملے میں گرفتار کیا۔ سپریم کورٹ کا زمین کے بدلے نوکری، معاملے میں راشٹریہ جنتا دل کے سربراہ لالو پرساد یادو کی درخواست پر سماعت سے انکار، ان خبروں کو آج کے بیشتر اخبارات نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب اور راشٹریہ سہارا سمیت دیگر اخباروں نے مانسون اجلاس سے قبل I.N.D.I.A اتحاد کی میٹنگ کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ خبروں کے مطابق آج کی اِس میٹنگ میں، مانسون اجلاس کے دوران اپوزیشن کی حکمتِ عملی، موجودہ سیاسی حالات اور آئندہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں پر غوروخوض کیا جائے گا۔

بھارتی نوجوانوں میں تبدیلی کا جذبہ اور مستقبل سنوارنے کی صلاحیت موجود، اوم برلا گلوبل فائنانس میگزین نے SBI کو دنیا کے بہترین صارف بینک کے طور پر منتخب کیا، بھارت نے امرتسر سرحد پر 6 پاکستانی ڈرون مار گرایا۔ ان خبروں پر روزنامہ پرتاپ، ملاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے توجہ مرکوز کی ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بنیادی ڈھانچے میں کایہ پلٹ کرتے ہوئے سال 2047 تک ترقی یافتہ ملک بننے کا بھارت کا عزم، عالمی مباحثوں کا مرکزی موضوع ہے۔

2- مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ اس سال ملک کی پہلی میڈ اِن انڈیا سیمی کنڈکٹر چِپ کا آغاز ہو جائے گا۔

3- بھارت کے انتخابی کمیشن کے مطابق بہار میں انتخابی فہرستوں پر نظرِ ثانی کے عمل میں اب تک تقریباً 95 فیصد رائے دہندگان کا احاطہ کر لیا گیا ہے۔

4- چھتیس گڑھ کے نارائن پور میں حفاظتی دستوں کے ساتھ مڈبھیڑ میں 6 ماؤ نواز مارے گئے۔

5- بھارتی محکمہئ موسمیات نے کیرالہ میں کل تک شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

6- کُشتی میں، Budapest میں Polyak Imre & Varga Janos میموریل ٹورنامنٹ میں بھارت کے انتِم پانگھل اور ہرشیتا نے سونے کے تمغے جیتے ہیں۔

7- اور شطرنج میں جورجیا کے Batumi میں جاری خواتین کے FIDE عالمی کپ میں سبھی 4 بھارتی کھلاڑی کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------